رہبر معظم نے فوج کے عقیدتی سیاسی شعبہ کے سربراہ کو منصوب کیا - 19 /Jul/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے ایک حکم میں حجۃ الاسلام والمسلمین سید محمد آل ہاشم کو اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج کے عقیدتی سیاسی شعبہ کا سربراہ مقرر کیا ہے۔ حکم کا متن حسب ذیل ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم جناب حجۃ الاسلام آقای حاج سید محمد علی آل ہاشم آپ کے گرانقدر تجربات ، لیاقت اور تعہد کے پیش نظر آپ کو اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج کے عقیدتی سیاسی شعبہ کا سربراہ مقرر کرتا ہوں ہے۔ امید ہے کہ آپ اپنے تجربات اور فوج میں موجود صلاحیتوں اور درخشاں استعداد کی روشنی میں فوجیوں کودینی معارف کی تعلیم و تربیت دینےاور انھیں اخلاق و معنویت کے زیور سے آراستہ بنانے میں اہم قدم اٹھائیں گے۔اس سلسلے میں حجۃ الاسلام علوی کی گرانقدر خدمات پر شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ خداوند متعال کی بارگاہ سے سب کی روز افزوں توفیقات کا خواہاں ہوں ۔ سید علی خامنہ ای 28/تیر/1388